الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	:	**AHMED**	Serial No	:	**19788**
Address	:	**Sharjah, UAE**	Date	:	**7/17/2013**
Subject	:	**HARAM-HALAL**	Contact No:		
Writer	:	اسد اللہ	Email	:	

ASSALAMOUALAKUM,

JANAB MUFTI SAHIB, BARHI MEHRUBANI QURAN WO HADEES KE ROSHNI MAY DARJA ZAIL SAWALO KA JAWAB DE KER REHNUMAI FERMAYE, ALLAH AAPKO JAZAYE KHER NASEEB KEREN, AAMEEN,

1. MERA PEHLA SAWAL YE HAY, KE MAY OOR MERI TARA BUHT SARE LOOG JU YAHAN PE UAE MAY KAAM KERTE HAIN, AKSAR AWQAT KSI NOKERI KO HASIL KERNE KE LIYE APNE CV MAY KUCH CHEEZE IZAAFI B LIKH LETHE HAIN, APNI CV CO BURA CHERA KE PESH KERTE HAIN, KIYA AISA KERNA JAYEZ HAY.

2. MERA DOSRA SWAL YE HAY, KE KIYA MAJBORI MAY YA ZARORAT KE TEHAT AGER WAQTI TOOR PER FAKE DEGREE YA CERTIFICATE SAY KAAM CHALAYA JAYE, TU KIYA AISE NAUKRI SE KAMAYA HOWA RIZQ HARAM HOGHA YA HALAL. AISE KAMAYI SE SADQA, ZAKAT OOR HAJ HO SAKHTA HAY. KIWKE SELECTION TU HER HAAL MAY INTERVIEW OOR EXPERIENCE PE HE MUNHASIR HOTHA HAY,, PLEASE APENE ILAM KE MUTABIQ JULD US JULD JAWAB INAYAT FERMAYE, KIWKE MERE PAAS EK ACHI NAUKRI KE OFFER HAY LAKIN MERE PAAS BA KE DEGREE ASAL NAHI HAY, MERA EK PAPER COMFORT THA. LAKIN MUJE JU KAAM OFFER KIYA JAA RAHA HAY, USME MUJE COFY EXPERIENCE HAY, OOR WO USI KE BASE PE MUJE OFFER KER RAHAY HAIN.....

AAPKE JAWAB KA MUNTAZIR,
AHMED
SHARJAH, UAE

جناب مفتی صاحب. برائے مہربانی قرآن وحدیث کی روشنی میں درج ذیل سوالوں کا جواب دیکر رہنمائی فرمائیں. اللہ آپکو جزاء خیر نصیب کریں. آمین

1. میرا پہلا سوال یہ ہے کہ میں اور میری طرح بہت سارے لوگ جو یہاں پے "UAE" میں کام کرتے ہیں. اکثر اوقات کسی نوکری کو حاصل کرنے کیلئے اپنی CV میں کچھ چیزیں اضافی بھی لکھ لیتے ہیں. اپنی CV کو بڑھا چڑھا کے پیش کرتے ہیں. کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

2. میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا مجبوری میں یا ضرورت کے تحت اگر وقتی طور پر جھوٹی ڈگری یا سرٹیفیکیٹ سے کام چلایا جائے تو کیا ایسی نوکری سے کمایا ہوا رزق حرام ہوگا یا حلال؟ ایسی کمائی سے صدقہ. زکوۃ اور حج ہو سکتا ہے؟ کیونکہ سلیکشن تو ہر حال میں انٹرویو اور تجربہ پے ہی منحصر ہوتا ہے. پلیز اپنے علم کے مطابق جلد از جلد جواب عنایت فرمائیں کیونکہ میرے پاس ایک اچھی نوکری کی آفر (پیشکش) ہے. لیکن میرے پاس B.A کی ڈگری اصل نہیں ہے. میرا ایک پیپر فیل تھا. لیکن مجھے جو کام آفر کیا جارہا ہے اس میں مجھے کافی تجربہ ہے. اور وہ اسی کے باعث مجھے آفر کر رہے ہیں.

(جواب صفحہ کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں)

الجواب حامداً ومصلیاً

سی وی (CV) غلط پیش کر کے ملازمت حاصل کرنے میں اگرچہ جھوٹ اور دھوکہ دہی کا گناہ ہے جس سے احتراز لازم ہے۔ مگر جو ملازمت اس کے ذریعہ حاصل کی ہے اگر اسکا تجربہ ہو تو وہ ملازمت اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی جائز اور حلال ہے ورنہ حرام ہے۔

عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم والکذب فان الکذب یھدی الی الفجور و ان الفجور یھدی الی النار۔ الحدیث (ابوداؤد ج ۲ ص ۳۳۳)۔

فی الھدایۃ: قال الاجرۃ لا تجب بالعقد وتستحق باحدی معانی ثلثۃ اما بشرط التعجیل او بالتعجیل من غیر شرط او باستیفاء المعقود علیہ۔ اھ (ج ۳ ص ۲۹۴)۔ واللہ اعلم

اسد اللہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۳۱
۲۰ جمادی الاولی ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۲/۵/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۳ جمادی الاولی ۱۴۳۵ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
۱۹۷۸۸
۲۵/۵/۱۴۳۵ھ

27/3/16